PR NO 37

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کے مظفرآباد میں نادرا، پاسپورٹ، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور پاکستان پوسٹ آفس کے دفاتر کے دورے

ٹیم نے وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

مظفرآباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد اور کنسلٹنٹ میڈیا خالد سیال پر مشتمل معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز مظفرآباد آزاد کشمیر میں نادرا، پاسپورٹ آفس، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور جی پی او کے دوروں کے دوران موقع پر موجود افراد کی شکایات سنیں اور وفاقی اداروں کے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ دورہ میں شکایت کنندگان نے نادرا، پاسپورٹ، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور پاکستان پوسٹ آفس کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ ٹیم بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر پہنچی تو سینکڑوں خواتین و حضرات شدید گرمی میں بیٹھے تھے، ایک ہال میں تو پنکھے تک بھی نہ تھے۔ ٹیم نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی انتظامیہ کو ہال میں فوری طور پر پنکھے لگانے اور تمام معلومات کو نمایاں طور پر اردو میں آویزاں کرنے کی ہدایت کی۔ پاسپورٹ کی غیر معمولی تاخیر کے باعث لوگ پریشان تھے۔ ریکارڈ کی چیکنگ کے دوران معلوم ہوا کہ ڈیڑھ سال سے تیار پاسپورٹس کی اطلاع بھی متعلقہ افراد کو نہیں دی گئی۔ کسٹمرز نے شکایت کی کہ پاسپورٹ کی فیس تو بڑھا دی گئی ہے لیکن سروسز بہت ہی کمزور ہیں۔ نادرا اور پاسپورٹ آفس میں عام لوگوں کے کام نہیں ہو رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ معائنہ ٹیم کے سامنے وہاں موجود افراد نے کھل کر اپنی شکایات بیان کیں اور وفاقی محتسب کے اس اقدام کو سراہا کہ وہ دور دراز علاقوں میں بھی معائنہ ٹیمیں بھیج رہے ہیں۔ بعض شکایت کنندگان کی طرف سے پاسپورٹ، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے امدادی پیکج اور نادرا کارڈ کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر پر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کا حکم دیا گیا۔ مذکورہ دفاتر کے دورہ کے دوران موقع پر موجود افراد نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے پہلی دفعہ اپنی کوئی ٹیم آزاد کشمیر میں بھیجی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

11 جولائی 2024ء